بسم اللہ الرحمن الرحیم

بفیضِ روحانی: حضور مفتیٔ اعظم علامہ شاہ محمد مصطفےٰ رضا خاں قادری بریلوی قدس سرہ

من یرد اللہ بہ خیرًا یفقھہ فی الدین (حدیث)

علوم ومعارف اور تحقیقات نادرہ کا گنج گراں مایہ

المکرمۃ النبویۃ فی الفتاوی المصطفویۃ

مسمی بہ

فتاویٰ مفتیِ اعظم

جلد پنجم

تصنیف منیف

امام الفقہاء والمشائخ تاجدار اہل سنت شہزادۂ اعلیٰ حضرت

حضور مفتیٔ اعظم ابو البرکات محی الدین حضرت علامہ شاہ

محمد مصطفےٰ رضا خاں قادری بریلوی قدس سرہ

(متوفی: ۱۴۰۲ھ/۱۹۸۱ء)

امام احمد رضا اکیڈمی

صالح نگر، بریلی شریف (یو، پی) - ۲۴۳۵۰۲

سلسلہ اشاعت ← (۸۰)

نام کتاب: المکرمة النبوية في الفتاوى المصطفوية

عرفی نام: فتاویٰ مفتی اعظم

مصنف: تاجدار اہل سنت حضور مفتی اعظم حضرت علامہ
شاہ محمد مصطفیٰ رضا خاں قادری نوری قدس سرہ

تقدیم وترتیب جدید: محمد حنیف خاں رضوی بریلوی
صدر المدرسین جامعہ نوریہ رضویہ بریلی شریف

تخریج وترجمہ: محمد حنیف خاں رضوی، مولانا محمد جابر خاں،
مولانا محمد عرفان، مولانا اویس قرنی، مولانا محمد ندیم

تصحیح کتابت وفہرست: مولانا عبد السلام صاحب رضوی، محمد حنیف خاں رضوی

کمپوزنگ وسیٹنگ: محمد منیف رضا خاں برکاتی، مولوی محمد زاہد علی شاہدی
مولوی محمد نعیم نوری، محمد عفیف رضا برکاتی

تعداد اشاعت: گیارہ سو (۱۱۰۰)

سنہ اشاعت: (۱۴۳۶ھ/۲۰۱۴ء)

باہتمام: امام احمد رضا اکیڈمی، بریلی شریف

ہدیہ عام: Rs: 3500/-

E-mail: mohdhanif92@gmail.com
Web: www.imamahmadrazaacademy.com

(ملنے کے پتے)

☆ امام احمد رضا اکیڈمی، صالح نگر رام پور روڈ بریلی شریف، پن 243502
☆ رضا اکیڈمی، ۵۲/ڈونٹاڈ اسٹریٹ کھڑک، ممبئی پن 400009
☆ کتب خانہ امجدیہ ۴۲۵/۷ مٹیا محل جامع مسجد، دہلی ۶
☆ رضا دار الاشاعت، آنند وہار بریلی شریف (یو۔پی)
☆ قادری بک ڈپو، نواب چوک چھوٹی جامع مسجد اسٹیشن روڈ اسلام پور اتر دیناجپور (بنگال)

ڈاکٹر اقبال کے بعض اشعار کا حکم

مسئلہ: (۱۱۷)

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ...

علامہ اقبال نے جو شکوہ لکھا ہے اس سے ان پر کفر عائد ہوا، اور جواب شکوہ سے کوئی توبہ ظاہر نہیں ہوتی، زبانی لوگ یہ کہتے ہیں کہ انہوں نے توبہ کی، کیا ایسی کوئی کتاب ان کی ہے کہ جس سے توبہ ثابت ہوتی ہو، یا علمائے اہل سنت کے علم میں کہ توبہ انہوں نے کی؟۔ جواب سے مطلع فرمائیں عین کرم ہوگا۔

بینوا توجروا فقط سائل خادم حاجی مظفر علی بریلی

الجواب

شکوہ کے جواب میں جواب شکوہ لکھا، اس میں اور کفریات بکے، شکوہ سے توبہ تو نہ کی۔ نئی نسلوں نے ڈاکٹر کے بجائے علامہ کہنا لکھنا شروع کر دیا، اس کی توبہ بعد جواب شکوہ لوگ کہتے ہیں، اس کی کوئی کتاب ، اور کوئی مضمون میری نظر سے نہیں گزرا ہے۔ "کیف وقد قیل" کے لحاظ سے اگر کوئی اب کف لسان کرے۔ شکوہ اور جواب شکوہ کے کفریات کو کفریات جانے تو اس پر کوئی مواخذہ نہ ہونا چاہیے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

تبلیغی جماعت وہابیوں کی جماعت ہے

مسئلہ: (۱۱۸)

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین ان مسائل میں کہ...

(۱) اکثر علمائے اہل سنت والجماعت بیان فرماتے ہیں کہ تبلیغی جماعت جس کے بانی مولوی محمد الیاس صاحب مرحوم میواتی دیوبندی تھے، جس تبلیغی جماعت کا مرکز دہلی میں قائم ہے، جہاں چالیس دن کی تربیت حاصل کرنے کے لیے تبلیغی جماعت کے ہم دردان جاتے ہیں، یہ جماعت اس کے بانی ذمہ داران سب کے سب نجدی اور وہابی عقیدہ کے ہیں، اور بظاہر کلمہ نماز روزہ اور احکام شرع کی تبلیغ کے لیے اس تبلیغی جماعت کی ٹولیاں شہر شہر اور دیہات دیہات گشت کرتی ہیں، اور اجتماع کے نام سے اپنے جلسے قائم کرتی ہیں، اور قیام فی المیلاد کو بدعت کہتی ہیں، اور سلام وقیام سے گریزاں نظر آتے ہیں، ونیز سرکار دوعالم حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نورانیت اور ان کے علم غیب کے منکر ہیں، اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ایسی عظمت نہیں کرتے جس عظمت کے قائل مسلمانوں کا سواد اعظم ہے، ونیز